الحکم لله والملک لله

لا فتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۳۳	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۴ محرم الحرام ۱۳۴۳ھ مطابق ۱۸ اگست ۱۹۲۴ء	جلد ۳۶

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصۂ مضمون	نمبر صفحہ
۱	تقرر عہدہ اڈیشنل ڈسٹرکٹ و سشن جج	۱ و ۲
۲	اضافہ مرزا حامد حسن اہلمد اپیل	۲
۳	〃 سید ریاض الحسن انسپکٹر	〃
۴	تبادلہ انسپکٹران پولیس	〃
۵	ماموری محمد نفیس علی خاں بجائے فیاض علی خاں پیشکار	〃
۶	اعلان کتب جدید الطبع	〃
۷	نقشہ بارش و نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۹ اگست ۱۹۲۴ء

اکثر و بیشتر اوقات جبکہ صاحب سشن جج کار خاص پر مامور ہوتے ہیں تو انہیں پورا وقت نہیں ملتا اور مقدمات کے کام میں دشواری پیش آیا کرتی ہے۔ اس لیے بلحاظ ضرورت انتظامی حسب استدعائے صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر ایک جدید عہدہ اڈیشنل ڈسٹرکٹ و سشن جج کا قائم کیا جانا منظور ہے۔ منشی محمد ارشاد خاں علاوہ عہدہ جج عدالت خفیفہ کے اس عہدہ اڈیشنل ڈسٹرکٹ و سشن جج کے بھی

خدمات انجام دیں۔ اور جس وقت صاحب سشن جج کار خاص پر مامور ہوں نواز ڈیشنل ڈسٹرکٹ و سشن جج اُن کے قائم مقام ہوا کریں۔ مجسٹریٹ درجہ دوم کا عہدہ جو منشی محمد ارشاد اللہ خاں کے تفویض ہے۔ اب اُس کی ضرورت باقی نہیں رہی۔ خدمات اڈیشنل ڈسٹرکٹ و سشن جج کے متعلق تقرر مستقل الاونس کا مسئلہ بعد میں طے ہوگا۔ حکم ہوا کہ روبکار ہذا بغرض اجرائے احکام صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہو

دستخط صاحب چیف سکریٹری

برائے اجرائے احکام صدر کو مرسل ہو۔ اور روبکار اجلاس ہذا مورخہ امروزہ کا اجرائے احکام بھی اُس ہی روبکار کے ساتھ کیا جائے۔ روبکار اجلاس ہذا شامل روبکار ہذا ہے۔ ۱۶ اگست ۱۹۲۲ء

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری

ملخص احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

اضافہ

۱۶ اگست ۱۹۲۲ء

حسب تصدیق سید رضی علی صاحب پیشکار اجلاس ہذا۔ مرزا حامد حسن اہلمد کی تنخواہ موجودہ بیس روپیہ ماہوار میں دو روپیہ ماہوار اضافہ بوجہ انجام دہی کار متعلقہ بمحنت و جانفشانی منظور کیا گیا۔

اضافہ

۱۶ اگست ۱۹۲۲ء

حسب تحریک جناب مہتمم بندوبست سرپرست تین روپیہ ماہوار اضافہ تنخواہ منشی سید ریاض الحسن انسپکٹر قانون گویان منظور کیا گیا۔

تبادلہ جات

۱۷ اگست ۱۹۲۲ء

حسب رائے صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس۔

شرافت حسین سب انسپکٹر سوار سے تھانہ ملک بکار انچارج۔

الطاف حسین خاں سب انسپکٹر کیمری سے بکار انچارج تھانہ سوار۔

عبد الصمد سب انسپکٹر ملک سے بکار انچارج تھانہ عظیم نگر۔ یہاں اس سے قبل یہ انچارج تھے اس علاقہ سے واقف ہیں۔

امجد علی خاں سب انسپکٹر بکار انچارج عظیم نگر سے کیمری۔ یہاں اس سے قبل افسر دوم تھے اس علاقہ سے واقف ہیں۔ تبدیل ہوئے۔

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

واقع ۱۶ اگست ۱۹۲۲ء

بوصول ڈی او جناب صاحب چیف سکریٹری بہادر منسلکہ روبکار ہذا معلوم ہوا کہ بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم نے منشی فیاض علی پیشکار متعینہ عدالت استغاثہ درجہ اول کی استدعا پر اُن کے پسر محمد فیض علی خاں کا تقرر اُن کی اسامی پیشکاری پر اُس ہی تنخواہ پر جو فیاض علی خاں کو ملتی ہے منظور فرمالیا ہے۔ لہذا

حکم ہے کہ

حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری

علمی ذخیرہ

اعلیحضرت خلد اللہ ملکہ کے حکم سے کتب ذیل تالیف ہو کر طبع ہوگئی ہیں۔ ایسا ذخیرہ مشکل سے ہاتھ آتا ہے۔ اس نادر موقع سے ضرور فائدہ اُٹھایئے۔ خود بھی خرید فرماکر پڑھیئے اور احباب کو بھی دکھایئے۔ **قول شافی** یہ حدیث کی مشہور کتاب کافی کا اُردو ترجمہ ہے اسکی عمدگی اسکے نام سے ظاہر ہے۔ جلد دوم کا پہلا حصہ چھپ چکا ہے قیمت علاوہ محصول ڈاک صرف ہے۔ **التوحید** یہ کتاب جامع عباسی کی جلد اول کا پہلا حصہ ہے۔ اس میں خداوند عالم کے وجود اُس کی توحید اور صفات سے مفصل بحث کی گئی ہے اسکی قیمت بھی علاوہ محصول ڈاک ہے۔ **خصائص معاویہ** ۔ یہ کتاب حصہ چہارم جلد اول کتاب جامع عباسی کے ملحقات میں ہے جو در اصل محمد بن عقیل اشعری کی مشہور کتاب نصائح کافیہ کا ترجمہ ہے بعض مطالب کا اس میں اضافہ کیا گیا ہے قیمت علاوہ محصول ڈاک ہے۔
جس قدر نسخے مطلوب ہوں درخواست منصرم صاحب کتب خانہ کی خدمت میں ارسال فرمایئے۔ ذو الفقار حسین مہتمم تالیفات ریاست رامپور

نقشہ بارش ہفتہ وار مابین ابتدائے ۹ اگست لغایت ۱۵ اگست ۱۹۲۴ء ریاست رامپور

تاریخ و دن	صدر عالیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	بارش	میزان	بارش	میزان	بارش	میزان	بارش	میزان	بارش	میزان	بارش	میزان
۹ اگست ۱۹۲۴ء یوم شنبہ	۱	۱۶۲ ½	۵	۲۷۵	۳	۱۸۱	۱۱	۱۳۱	۱۰	۱۸۰	۴	۱۴۸
۱۰ اگست ۱۹۲۴ء یوم یکشنبہ	۰	۱۶۲ ½	۴	۲۷۹	۶	۱۸۷	۶	۱۳۷	۴	۱۸۴	۳	۱۵۱
۱۱ اگست ۱۹۲۴ء یوم دوشنبہ	۲ ½	۱۶۵	۰	۲۷۹	۰	۱۸۷	۰	۱۳۷	۰	۱۸۴	۲	۱۵۳
۱۲ اگست ۱۹۲۴ء یوم سہ شنبہ	۱۲	۱۷۷	نقشہ نہیں آیا	۰	۵	۱۹۲	۱۱	۱۴۸	۱۰	۱۹۴	۵	۱۵۸
۱۳ اگست ۱۹۲۴ء یوم چہارشنبہ	۰	۱۷۷	″	۰	۷	۱۹۹	۰	۱۴۸	۲	۱۹۶	۵	۱۶۳
۱۴ اگست ۱۹۲۴ء یوم پنجشنبہ	۰	۱۷۷	″	۰	۳ ½	۲۰۲ ½	نقشہ نہیں آیا	۰	۰	۱۹۶	۵	۱۶۸
۱۵ اگست ۱۹۲۴ء جمعہ	۰	۱۷۷	″	۰			″	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	نقشہ نہیں آیا	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور مابین ابتدائے ۱۱ لغایت ۱۷ اگست ۱۹۲۴ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم			۸ ار	۸ ار			دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا۔
نخود خالص			۱۲ ار	۱۲ ار			
نخود گندم آمیز			۱۳ ار	۱۲ ار			
[illegible]			۱۳ ار	۱۳ ار			
ماش			۸ ار	۶ ار			
مونگ			۰	۰			
مکا				۱۰ ار			
جنی			۱۳ ار	۱۳ ار			
کودھی			۱۰ ار	۱۰ ار			
مسور			۱۱ ار	۱۲ ار			
ارہر			۱۲ ار	۱۲ ار			
برنج			۵ ار	۶ ار			
روغن زرد			[illegible]	[illegible]			
روغن سیاہ			[illegible]	[illegible]			
روغن تلخ			۰	۵ ار			
نمک سانبھر			[illegible]	۱۱ ار			
نمک لاہوری			۷ ار	۵ ار			
شکر سیاہ			[illegible]	[illegible]			
باجرہ			۰	۰			

[illegible] ریاست رامپور